54cm x 8col Nawa-e-Waqat

AlliedBank

www.abl.com

نوٹس برائے 74 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے ممبران کا 74 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 25 مارچ 2020 بروز بدھ بوقت 11 بجے صبح، بمقام گرینڈ بال روم ڈی، 4th فلور، پی سی ہوٹل، (داخلہ گیٹ نمبر 7)، ملحقہ ایمپوریم مال، عبدالحق روڈ، جوہر ٹاؤن، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

1. الائیڈ بینک لمیٹڈ کے 73 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 مارچ 2019 کے منٹس کی توثیق۔ متذکرہ منٹس کی کاپی نوٹس کے ساتھ حصص داران کو بھیجی جا رہی ہے۔
2. 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے مالی سال کی بابت کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں (مجموعی و انفرادی) مع ڈائریکٹرز رپورٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور چیئرمین جائزہ رپورٹ کی وصولی، ان پر غور و خوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (7)223 کے تحت بینک کی فنانشل سٹیٹمنٹس اور رپورٹس، بینک کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے جسے آگے دیئے گئے لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ https://www.abl.com/services/downloads/financial-reports/

3. بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے 20% (یعنی 2.00 روپے فی حصص) کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور و خوض اور منظوری۔ یہ منافع 60% عبوری نقد منافع منقسمہ یعنی 6.00 روپے فی حصص کے علاوہ ہوگا جو پہلے ہی سال 2019 کے لئے ادا کیا جا چکا ہے۔
4. 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کیلئے بینک کے قانونی آڈیٹرز اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ضابطہ نمبر 33 کے مطابق زیادہ سے زیادہ 5 سال کی مدت مکمل کر لی ہے۔ تاہم بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) اور سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی اجازت سے میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو اگلی مدت کیلئے دوبارہ تعینات کرنے کیلئے سفارش کی ہے اور تعینات کردہ آڈٹ فرم 2021 میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی تکمیل تک کام کرے گی۔

خصوصی امور:

5. SBP کے BPRD سرکلر نمبر 3 بتاریخ 17 اگست 2019 کے مطابق بینک کی "بورڈ معاوضہ پالیسی" کی بعد از اں بنیاد (on post facto basis) پر ایک عمومی قرارداد کے ذریعے منظوری۔

دیگر امور:

6. صدر اجلاس کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
محمد راغب
کمپنی سیکرٹری

تاریخ: 03 مارچ 2020 لاہور

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت بیانات

آئٹم نمبر 5: SBP کے BPRD سرکلر نمبر 3 بتاریخ 17 اگست 2019 کے مطابق بینک کی "بورڈ معاوضہ پالیسی" کی بعد از اں بنیاد (on post facto basis) پر ایک عمومی قرارداد کے ذریعے منظوری۔

SBP کے BPRD سرکلر نمبر 3 مورخہ 17 اگست 2019 کے تحت، الائیڈ بینک لمیٹڈ کی ہیومن ریسورس اینڈ ریمونریشن کمیٹی (HR & RC) نے بینک کے چیئرمین اور دیگر نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کیلئے جامع، منصفانہ اور شفاف معاوضہ کے طریقہ کار پر مشتمل ایک پالیسی تشکیل دی ہے۔ بینک کے تمام نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اس پالیسی میں انٹرسٹیڈ پارٹیز ہیں۔ HR & RC کی سفارش پر الائیڈ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے 243 ویں اجلاس منعقدہ 16 دسمبر 2019 میں اس پالیسی کو منظور کیا تھا جو کہ حصص داران کو بعد از اں بنیاد (on post facto basis) پر منظوری کیلئے پیش کی جا رہی ہے۔

"بورڈ معاوضہ پالیسی" کمپنی سیکرٹری آفس واقع بینک کے رجسٹرڈ/ہیڈ آفس، 3 ٹیپو بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور میں 4 مارچ تا 24 مارچ 2020 کے کاروباری ایام میں صبح 9:00 بجے تا شام 5:30 بجے کے دوران ممبران کے معائنہ کیلئے دستیاب ہوگی۔ یہ پالیسی سالانہ اجلاس عام کے موقع پر بھی معائنہ کیلئے دستیاب ہوگی۔

اس سلسلے میں حصص داران کو مندرجہ ذیل عام قرارداد اپنانے کی تجویز ہے:

"طے پایا کہ بینک کی بورڈ معاوضہ پالیسی بعد از اں بنیاد پر منظور کی جاتی ہے"۔

سالانہ رپورٹ 2019 کی ترسیل:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 کی تعمیل کرتے ہوئے سالانہ بینک رپورٹ 2019 ان حصص داران کو بذریعہ ای میل بھیج چکا ہے۔ جن کے ای میل ایڈریسز بینک کے شیئر رجسٹرار کے پاس موجود ہیں علاوہ ازیں 28 مارچ 2017 کو منعقدہ 71 ویں سالانہ اجلاس عام میں حصص داران کی اجازت کے مطابق جن حصص داران کے ای میل ایڈریسز شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں انہیں DVDs ارسال کر دی گئی ہیں۔ تاہم بینک حصص داران کو سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی بلا معاوضہ، طلب کرنے کے ایک ہفتے کے اندر اندر رجسٹرڈ پتے پر فراہم کرے گا۔ اس سلسلے میں ایک درخواست فارم بینک کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ جسے دیئے گئے لنک سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ https://www.abl.com/src/uploads/2018/01/Request-Form-for-Hard-Copy-of-Annual-Audited-Accounts.pdf

نوٹس:

1. تمام ممبران اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔
2. اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا مستند ممبر بذات خود یا باقاعدہ طور پر دیئے گئے اختیار کے ساتھ کسی بھی شخص کو اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے پراکسی (proxy) مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی مقرر کئے جانے والے شخص کیلئے لازم ہے کہ وہ بھی الائیڈ بینک کا ممبر ہو۔
3. پراکسی مقرر کئے جانے سے متعلق دستاویز (instrument) اور پاور آف اٹارنی (power of attorney) یا دیگر کوئی اور اختیار نامہ جس کے تحت دستخط کئے گئے ہیں یا اس پاور آف اٹارنی کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کو مؤثر ہونے کیلئے الائیڈ بینک لمیٹڈ کے رجسٹرڈ آفس یا بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک۔ B، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی جمع کروائیں۔ واضح رہے کہ 48 گھنٹوں میں چھٹی کا دن شامل نہیں ہوگا۔
4. الائیڈ بینک لمیٹڈ کے حصص کی منتقلی کی کتب جمعرات 19 مارچ 2020 تا بدھ 25 مارچ 2020 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلی کے لئے جو درخواستیں بینک کے شیئر رجسٹرار کو اوپر دیئے گئے پتے پر 18 مارچ 2020 کے دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونگی وہ بروقت سمجھی جائیں گی۔
5. ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں تبدیلی سے متعلق بینک کے شیئر رجسٹرار کو اوپر دیئے گئے پتے پر فوری طور پر مطلع کریں۔ ایسی درخواستیں کتب کی بندش سے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔
6. ممبران کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 143 اور 144 سے شروع، کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق ووٹ ڈالنے کا استحقاق استعمال کر سکتے ہیں۔ اس بابت مزید معلومات اگر درکار ہوئیں تو ان قوانین کے تحت دیئے گئے قانونی وقت کے اندر اندر حصص داران تک پہنچا دی جائیں گی۔
7. سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو SECP کی جانب سے مقرر کردہ ہدایت پر عمل کرنا ہوگا جو مندرجہ ذیل ہیں۔

(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:

1. ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا ایسے اشخاص کو جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، CDC کے ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔
2. کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی (اگر پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) جس کے ساتھ نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے (specimen) بھی منسلک ہوں، فراہم کرنا ہوں گے۔

(ب) پراکسی کے تقرر کیلئے:

1. ایسا فرد، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا ایسے شخص کو، جس کے حصص گروپ اکاؤنٹ کی شکل میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات، CDC کے ضوابط کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کیلئے درج بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔
2. پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط، نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ثبت ہونا چاہئے۔
3. پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہونا چاہئیں۔
4. اجلاس کے وقت پراکسی کو اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
5. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی بمعہ اس کے دستخط کے نمونے (specimen) بھی منسلک ہونا چاہئیں۔

نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانک ادائیگی/انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور مؤثر قومی شناختی کارڈ (CNIC) کا مہیا کرنا (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ ڈسٹری بیوشن) ریگولیشنز 2017 کے تحت لسٹڈ کمپنیز کا کوئی بھی قابل ادا منافع منقسمہ صرف الیکٹرانکلی براہ راست حصص داران کے بینک اکاؤنٹ میں ادا ہو سکتا ہے۔ حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ بینک مینڈیٹ اور شناختی کارڈ کی کاپی کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ اس بارے میں الائیڈ بینک لمیٹڈ پہلے ہی شیئر ہولڈرز کو بینک مینڈیٹ فارمز جاری کر چکا ہے اور متعدد قومی اخبارات میں بھی شائع کروا چکا ہے۔

تمام شیئر ہولڈرز سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ بینک مینڈیٹ کی تفصیلات معہ انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور مؤثر قومی شناختی کارڈ کی کاپی (CNIC) فوری مہیا کریں (اگر پہلے مہیا نہیں کی گئی)۔ بینک مینڈیٹ بمعہ (IBAN) مہیا نہ کرنے کی صورت میں SECP کی ہدایات کے مطابق منافع ہائے منقسمہ روک لیے جائیں گے۔ CDC شیئر رجسٹرار کو بینک مینڈیٹ کی تفصیلات فراہم کرنے کے لیے بینک کی ویب سائٹ پر موجود فارم استعمال کیا جا سکتا ہے۔ فارم کا پرنٹ حاصل کرنے کے لیے ڈائریکٹ لنک www.abl.com/bankmandateform ہے۔ اس سلسلے میں CDC حصص داران CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا بروکرز کو اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بمعہ (IBAN) مہیا کر سکتے ہیں۔ فزیکل ہولڈنگ کی صورت میں حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات الائیڈ بینک شیئر رجسٹرار کو اوپر دیئے گئے پتے پر فراہم کریں۔

ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:

برائے مہربانی نوٹ کر لیں کہ ود ہولڈنگ ٹیکس FBR کی ویب سائٹ پر موجود تازہ ترین "ایکٹو ٹیکس پیئرلسٹ (ATL)" کے مطابق منہا ہوگا، جس کی تفصیل درج ذیل ہے: 1) جن افراد کے نام "ATL" میں شامل ہوں گے: 15 فیصد 2) جن افراد کے نام "ATL" میں شامل نہیں ہوں گے: 30 فیصد

مزید برآں جوائنٹ حصص داران کی صورت میں ٹیکس کی کٹوتی حصص داران کی علیحدہ علیحدہ فراہم کردہ حصص کے تناسب کی بنیاد پر ہوگی۔ بصورت دیگر انکے حصص پر کٹوتی برابری کی بنیاد پر ہوگی۔

FBR کی منظوری یا قابل تسلیم ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی ضرورت برائے دعویٰ استثنیٰ U/S150 انکم ٹیکس آرڈیننس 2001:

انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق 159 کے تحت کسی کے پاس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ ہے یا اس نے متعلقہ عدالت میں استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے ایف بی آر کے خلاف دعویٰ دائر کر رکھا ہو تو ایسی صورت میں ود ہولڈنگ ٹیکس سے مستثنیٰ ہونے کے لیے مستند استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا معزز عدالت سے حاصل کیے گئے حکم امتناعی کی مصدقہ کاپی 18 مارچ 2020 تک مہیا کرنا ہوگی۔ مستند استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا متعلقہ عدالتی حکم کی عدم دستیابی کی صورت میں ٹیکس کی کٹوتی متعلقہ سیکشنز کے مطابق کی جائے گی۔

غیر دعوی شدہ/غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز سرٹیفکیٹس:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 244 کے تحت منافع منقسمہ/حصص/دیگر انسٹرومنٹس جو کہ جاری کردہ تاریخ کے تین سال سے زائد عرصہ سے غیر دعویٰ شدہ ہیں۔ طے کردہ طریقہ کار کے مکمل ہونے پر وفاقی حکومت کو منتقل کر دیئے جائیں گے۔ اس سلسلے میں الائیڈ بینک لمیٹڈ شیئر رجسٹرار کے ذریعے بتاریخ 20.09.2017 کو دستیاب پتوں پر انفرادی خطوط (لیٹرز) جاری کر چکا ہے۔ جس میں درخواست کی گئی تھی کہ خط وصول ہونے کے 90 دن کے اندر اندر اپنے غیر دعویٰ شدہ حصص/منافع منقسمہ کا دعویٰ دائر کریں۔ اس کے بعد SECP کی دی گئی ہدایات کے مطابق آخری نوٹس، بتاریخ 20.12.2017 کو ڈیلی بزنس ریکارڈر اور نوائے وقت میں شائع کیا جا چکا ہے۔ جس میں ایک بار پھر درخواست کی گئی کہ اپنا دعویٰ 90 دن کے اندر اندر دائر کریں بصورت دیگر، بینک کو تمام غیر دعویٰ شدہ حصص/منافع منقسمہ کمپنیز ایکٹ کی شق 244 کی ذیلی شق 2 کے تحت وفاقی حکومت کو جمع کروانا ہوں گے۔ اس بارے میں غیر دعوی شدہ/غیر ڈیلور شدہ شیئرز کی تفصیلات بینک کی ویب سائٹ پر دیئے گئے لنک https://www.abl.com/investor-relations/shareholder-information/unclaimed-shares-dividends-and-tfcs/ میں موجود ہے۔ اے بی ایل کے حصص داران (پرانے اور موجودہ) سے ایک بار پھر گزارش ہے کہ بینک کی ویب سائٹ چیک کریں اور اگر کوئی حصص/منافع منقسمہ آپ کے نام پر غیر دعوی شدہ/غیر ڈیلور شدہ ظاہر ہو تو بینک کے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو درخواست مع فولیو نمبر، اپنے موجودہ پتے اور موثر CNIC کی نقل کے ساتھ ارسال کر کے اپنا مطالبہ/کلیم درج کروائیں۔

فیزیکل حصص کی CDC اکاؤنٹ میں منتقلی:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت ہر موجودہ کمپنی کے لئے اپنے فیزیکل حصص کو بک انٹری میں، دیئے گئے طریقہ کار کے تحت اور کمیشن کی طرف سے جاری کی گئی تاریخ اور ایکٹ کے نفاذ مورخہ 31 مئی 2010 کے چار سال کے اندر مورخہ 31 مئی 2021 سے پہلے تبدیل کرنا ضروری ہوگا۔

مختلف کھاتوں کی ایک کھاتہ میں منتقلی:

ریکارڈ کے مطابق چند حصص داران ایک ہی کوائف کے ساتھ ایک سے زیادہ حصص کے کھاتوں کے حامل ہیں۔ ایک سے زیادہ کھاتے رکھنا حصص داران کیلئے منافع منقسمہ/بونس کی وصولی میں پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ بہتر خدمات کی فراہمی کیلئے ایسے حصص داران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مختلف کھاتوں کو ایک کھاتہ میں ڈالنے کیلئے بینک کے رجسٹرار کو درخواست جمع کروائیں۔

وڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے درخواست:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)132 کے تحت اگر کمپنی کو اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم سات دن پیشتر 10% ممبران یا اس سے زائد حصص جو کسی شہر میں مقیم ہیں اور میٹنگ میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے حصہ لینا چاہتے ہیں، کے طلب پر بینک ان ممبران کو ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرے گا تاکہ وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے قابل ہو سکیں۔ یہ سہولت حاصل کرنے کے لئے براہ مہربانی مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں اور شیئر رجسٹرار آفس میں جمع کروائیں۔

میں/ہم (شیئر ہولڈر کا نام)	(شہر کا نام)	سے الائیڈ بینک کا ممبر ہونے کے تحت	آرڈینری شیئرز بمطابق فولیو/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر ____________
(شہر کا نام واضح کریں)		میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں	تاریخ: ________ ممبر کے دستخط ____________

نوٹس ہذا بمعہ پراکسی فارم کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق نمبر (1)134 کے تحت تمام ممبران کو بھیجا جا چکا ہے۔

ALLIED BANK LIMITED
Corp.
Aff.Grp.
S.Wing